More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

باب نمبر 6

نظم وضبط

اہم الفاظ ومعنی:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ رکابی	پلیٹ	۲۔ پہلی ہی جست میں	پہلی کوشش میں
۳۔ درپے تھا	کوشش میں لگا ہوا تھا	۴۔ چست	تیز، چالاک
۵۔ دل ہی دل میں کوس رہے تھے	دل میں برا بھلا کہہ رہے تھے	۶۔ پست	کمزور
۷۔ دہائی دے رہی تھی	فریاد سنا رہی تھی	۸۔ تغیر وتبدل	تبدیلی اور فرق
۹۔ عاری ہوتے ہیں	واقفیت نہیں رکھتے	۱۰۔ کسر شان	شان کے خلاف
۱۱۔ پاسداری	پابندی	۱۲۔ داغ لگتا ہے	برا محسوس ہوتا ہے
۱۳۔ قدم چومتی ہے	حصے میں آتی ہے	۱۴۔ متعین کردہ	مقرر کیے ہوئے
۱۵۔ ضابطوں	قوانین	۱۶۔ شعار	رکھ رکھاؤ، سلیقہ

سبق کا مرکزی خیال:

زندگی کے معاملات کو ایک خاص طریقے سے بعد ترتیب کے ساتھ وقت اور دوسروں کا خیال رکھتے ہوئے پورا کرنے کا عمل نظم وضبط کہلاتا ہے۔ نظم وضبط اعلیٰ معاشرتی صفت ہے۔ کائنات کے مختلف مظاہر میں بھی نظم وضبط نظر آتا ہے اس کے علاوہ پرندوں، جانوروں اور کیڑے مکوڑوں کی زندگی میں بھی نظم وضبط دیکھنے میں آتا ہے۔ مشہور اور کامیاب

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

لوگوں کی زندگی میں نظم وضبط نمایاں طور پر ان کی کامیابی کا وسیلہ بنتا ہے اس لئے ہم سب کو اپنی زندگی میں نظم وضبط کا پورا خیال رکھنا چاہیے۔

سبق کا خلاصہ:

شادی بیاہ اور اسی طرح کے دیگر تقریبات کے موقع پر جب کھانا لگایا جاتا ہے تو تمام مہمان کھانے پر اس طرح لپکتے ہیں کہ جیسے وہ بہت بھوکے ہوں یا پھر اگر انہوں نے دیر لگا دی تو انہیں کھانا نہیں مل پائے گا۔ ہر فرد کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ اپنی پلیٹ میں ضرورت سے زیادہ کھانا بھر لے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کئی افراد کو کھانا مل ہی نہیں پاتا اور وہ بھوکے رہ جاتے ہیں حالانکہ ہر قسم کی دعوت میں کھانا مہمانوں کی تعداد سے زیادہ بنایا جاتا ہے لیکن مہمانوں کی بے صبری اور نظم وضبط کی کمی کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ کچھ لوگوں کو کھانا مل ہی نہیں پاتا بلکہ سینکڑوں افراد کا کھانا ضائع بھی ہو جاتا ہے۔

اگر اس نظام کائنات پر غور کیا جائے تو ہمیں کائنات کے تمام مظاہر میں ایک نظم و ضبط دکھائی دیتا ہے۔ سورج وقت پر طلوع ہوتا ہے اور وقت پر غروب ہوتا ہے موسموں کی تبدیلی میں ایک خاص ترتیب دیکھنے میں آتی ہے۔ پرندے، جانور اور حشرات الارض بھی نظم وضبط کا خیال رکھتے ہیں۔ جب پرندے شام کو اپنے گھونسلوں کی طرف واپس جاتے ہیں تو ایک خاص ترتیب میں اڑتے ہیں۔ شہد کی مکھیاں ایک نظم وضبط کے ساتھ اپنی زندگی گزارتی ہیں۔ چیونٹیاں ایک قطار میں چلتی ہیں۔ اس زمین پر چلنے والے جاندار اپنے مقرر کیے ہوئے قوانین کی پابندی کرتے ہیں۔

اسلام نے بھی مسلمانوں کو نظم وضبط کا درس دیا ہے۔ نماز کی ادائیگی ایک خاص نظم و ضبط کے ساتھ نماز کے مقرر کردہ اوقات میں کی جاتی ہے۔ رمضان میں سحر سے لے کر افطار تک کچھ نہ کھانا اور نہ پینا نظم وضبط کا پیغام دیتا ہے۔ حج کا فریضہ بھی خاص ایام میں انجام دیا جاتا ہے۔ ہمارے نبی ﷺ جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے تھے تو پہلے صفیں سیدھی کراتے تھے۔ دنیا کی عظیم ہستیوں کا جائزہ لیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ ان کی کامیابی کے پیچھے بھی یہی

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

راز تھا کہ انہوں نے نظم و ضبط کو اپنی زندگی میں اپنائے رکھا۔

ہم اگر اپنے معاشرے کا جائزہ لیں تو پتہ چلتا ہے کہ لوگ نظم و ضبط کو بھلا بیٹھے ہیں۔ قطار میں لگ کر ٹکٹ خریدنا شان کے خلاف سمجھا جاتا ہے۔ بسوں میں ایک دوسرے کو سفر کے دوران دھکے دیئے بغیر مزہ نہیں آتا۔ ہر ایک کی خواہش ہوتی ہے کہ دوسروں کا حق مار کر پہلے اپنا کام نکال لیا جائے۔ زندگی کے ہر شعبے میں نظم و ضبط انتہائی ضروری ہے۔ نظم و ضبط کے بغیر کوئی کامیابی حاصل نہیں کی جاسکتی جو افراد نظم و ضبط کے پابند ہوتے ہیں کامیابی ان کا مقدر بنتی ہے۔ طالب علم اگر اپنی زندگی میں نظم و ضبط اختیار کرتے ہیں تو انہیں پڑھائی کرنے، کھیلنے، ورزش کرنے، صبح ناشتا کرنے کے بعد اسکول آنے جانے میں کسی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ قائداعظم محمد علی جناح نے اپنے ایک فرمان میں اتحاد اور ایمان کے ساتھ نظم و ضبط اختیار کرنے پر بہت زور دیا۔ ہمیں اپنی زندگی کو کامیاب بنانے اور پاکستان کو ترقی دینے کیلئے قائداعظمؒ کے اس فرمان پر دل و جان سے عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

حل شدہ مشق

سوال نمبر ا: درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجئے۔

(الف): دعوت میں افراتفری کی کیا وجہ تھی؟

جواب: دعوت میں افراتفری کی وجہ کھانے کے حصول کیلئے شریک مہمانوں کی بے صبری اور نظم و ضبط کی کمی تھی۔

(ب): نظم و ضبط کا خیال نہ رکھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

جواب: نظم و ضبط کا خیال نہ رکھنے کا یہ نقصان ہوتا ہے کہ معاشرے میں افراتفری، انتشار اور حق تلفی کی صورت حال پیدا ہو جاتی ہے۔ جو لوگ نظم و ضبط کا خیال نہیں رکھتے ان کی اپنی زندگی کسی قاعدے اور قانون کی پابندی کے بغیر گزرتی ہے اور ان کی زندگی میں کوئی سلیقہ یا ترتیب موجود نہیں ہوتی۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ج): قطار بنانے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

جواب: قطار بنانے کا یہ فائدہ ہوتا ہے کہ ہر شخص اپنی باری آنے پر اپنا کام باسانی مکمل کر لیتا ہے اور قطار بنانے سے نہ تو کسی کی حق تلفی ہوتی اور نہ ہی کسی طرح کے جھگڑے یا انتشار کا اندیشہ ہوتا ہے۔

(د): ایک طالب علم بہتر منصوبہ بندی سے اپنے شب و روز کس طرح سنوار سکتا ہے؟

جواب: ایک طالب علم نظم و ضبط اختیار کر کے اپنے روزمرہ کے کاموں کو سنوار سکتا ہے۔ کیونکہ نظم و ضبط کی پابندی کی وجہ سے وہ سارے کام ترتیب اور سلیقے سے کرتا ہے۔ صبح وقت پر جاگتا ہے، نماز پڑھتا ہے، ورزش کرتا ہے، ناشتہ کرتا ہے اور اسکول چلا جاتا ہے۔ اس کے پڑھائی، کھیلنے اور کام کرنے کے اوقات مقرر ہوتے ہیں اس لئے اسے امتحان میں بھی کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔

(ہ) دین اسلام نظم و ضبط کی کیا تعلیم دیتا ہے؟

جواب: دین اسلام بھی نظم و ضبط کا درس دیتا ہے۔ مقررہ اوقات میں نماز پنجگانہ کی ادائیگی کی جاتی ہے۔ ایک امام کی قیادت میں سب ایک ساتھ رکوع و سجود کرتے ہیں۔ رمضان کے مہینے میں سحر سے لے کر افطار تک کھانے پینے سے پرہیز نظم و ضبط کا ایک پیغام ہے۔ حج کا فریضہ بھی خاص ایام میں انجام دیا جاتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو سب سے پہلے صفیں سیدھی کراتے تھے۔ دین اسلام کی تعلیمات میں نظم و ضبط کا واضح پیغام ملتا ہے۔

سوال نمبر ۲: سبق کے مطابق درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے:

(الف): کھانا لگنے کے اعلان پر لوگ کھانے کی طرف لپکے:

(۱) تیزی سے　　(۲) بے ترتیب (✓)

(۳) دیوانہ وار　　(۴) ترتیب سے

(ب): لوگوں نے رکابیوں میں کھانا نکالا:

(۱) بہت کم　　(۲) ضرورت کے مطابق

(۳) سلیقے سے　　(۴) بے حساب (✓)

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ج): حشرات الارض سے مراد ہیں:

(۱) کیڑے مکوڑے (✓) (۲) چوپائے
(۳) پرندے (۴) درندے

(د): بس میں سوار ہوتے وقت کوشش کرنی چاہیے:

(۱) قطار بنانے کی (✓) (۲) سب سے پہلے سوار ہونے کی
(۳) مسافروں کو سمجھانے کی (۴) شور مچانے کی

(ہ): قائداعظمؒ کے فرمان کی درست ترتیب ہے:

(۱) اتحاد، نظم وضبط، ایمان (✓) (۲) اتحاد، ایمان، نظم وضبط
(۳) نظم وضبط، اتحاد، ایمان (۴) ایمان، اتحاد، نظم وضبط

(و): کامیابی حاصل کرنے کیلیے ضروری ہے:

(۱) وقت پر کام کرنا (✓) (۲) کھیلنا
(۳) قطار بنانا (۴) آرام کرنا

سوال نمبر۳: نظم وضبط پر دو سو الفاظ کا مضمون لکھیے:

جواب: نظم وضبط:

زندگی کے معاملات میں ایک خاص سلیقہ اور ترتیب اختیار کرنے کا عمل نظم وضبط کہلاتا ہے۔ نظم وضبط ایک ایسی صفت ہے جس کو اختیار کرنے سے زندگی کے عوامل کو سرانجام دینے میں ایک خاص ترتیب پیدا ہو جاتی ہے اور ایک فرد مسائل کا شکار ہونے سے بچ جاتا ہے۔ نظم وضبط اور وقت کی پابندی کا بھی آپس میں گہرا تعلق ہوتا ہے۔ ہم اگر اس کائنات کے نظام پر غور کریں تو کائنات میں جاری عوامل ایک نظم وضبط اور وقت کی پابندی کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ سورج کا نکلنا اور غروب ہونا، دن اور رات کی تشکیل، موسموں کی تبدیلی وغیرہ سب کائنات میں ایک خاص نظم وضبط کا نتیجہ ہے۔ اگر یہ تصور کیا جائے کہ کائنات کے ان مظاہر سے نظم وضبط ختم ہو جائے تو کائنات کا سارا نظام درہم برہم ہو کر رہ جائے گا۔ ایک

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

==

معاشرے کے تمام افراد میں بھی نظم وضبط اختیار کرنے کی ضرورت ہوتی ہے ورنہ معاشرے میں افراتفری اور انتشار پھیلتا ہے اور آپس میں لڑائی جھگڑے کی صورت حال پیدا ہو جاتی ہے دین اسلام میں بھی نظم وضبط کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ تمام عبادات نظم وضبط کے ساتھ کی جاتی ہیں۔ اسلام میں نظم وضبط اختیار کرنے پر بہت زور دیا گیا ہے کیونکہ نظم وضبط اختیار کرنے سے ہی قوانین کی پابندی کا رجحان پیدا ہوتا ہے اور نظم وضبط کی وجہ سے ایک دوسرے کی ہمدردی اور تعاون جیسے اقدار پیدا ہوتے ہیں۔ طلباء کی زندگی میں نظم وضبط بہت اہمیت رکھتا ہے۔ طلبہ جب نظم وضبط کے ساتھ اپنے مختلف کام سرانجام دیتے ہیں تو انہیں نہ تو روزمرہ کے مشاغل میں کسی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور نہ ہی امتحان کی تیاری میں انہیں مشکل پیش آتی ہے۔ نظم وضبط کامیابی کے کنجی ہے اور نظم وضبط کی وجہ سے انسان اپنی ذات اور کردار کی تربیت کرنے کے قابل ہوتا ہے۔

ہم اگر معاشرے کا جائزہ لیں تو ہمیں زندگی کے مختلف شعبوں میں افراتفری اور انتشار کی کیفیت نظر آتی ہے اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ لوگوں میں نظم وضبط اختیار کرنے کا رجحان کم ہوتا جا رہا ہے۔ اس لئے دعوتوں کے مواقع پر لوگ انتہائی بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہیں اور کھانے پر اس طرح لپکتے ہیں جیسے کہ کوئی جنگ کی کیفیت ہو اس طرح وہ نہ صرف کھانا ضائع کرتے ہیں بلکہ کئی دوسرے لوگوں کو کھانے سے محروم بھی کر دیتے ہیں۔ اسی طرح مختلف کاموں کو انجام دینے کیلئے جہاں قطاریں لگوائی جاتی ہیں۔ وہاں لوگ قطار میں بیچ میں گھس جاتے ہیں اور دوسروں کی حق تلفی کرتے ہیں۔ اس طرح اپنے کام دوسروں سے پہلے کروانے کیلئے طاقت کا استعمال کیا جاتا ہے یا پھر سفارش لگوائی جاتی ہے اور اس کارنامے کو اپنے لئے کامیابی کی علامت اور باعث فخر سمجھا جاتا ہے۔

نظم وضبط کی پابندی نہ کرنے کی بہت نقصانات ہوتے ہیں۔ اس سے پورے معاشرے میں افراتفری پھیلتی ہے اور ایک دوسرے کے خلاف نفرت بڑھتی ہے۔ جس کی وجہ سے پورا معاشرہ ایک انتشار کی کیفیت کا شکار ہو جاتا ہے۔ بحیثیت مسلمان ہم پر فرض ہے کہ ہم اپنے دین کی تعلیمات پر سختی سے عمل کریں اور زندگی میں نظم وضبط اختیار کرنے کی کوشش

==

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

کریں۔ نظم و ضبط کی پابندی سے ہی ہمارے لئے فلاح اور کامیابی کا راستہ کھل سکتا ہے۔

سوال نمبر ۴: واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے:

واحد	جمع	واحد	جمع
۱۔ مفاد	مفادات	۲۔ خواہش	خواہشات
۳۔ قاعدہ	قواعد	۴۔ سبق	اسباق
۵۔ سجدہ	سجود	۶۔ منظر	مناظر

سوال نمبر ۵: اعراب کی مدد سے تلفظ واضح کیجئے:

اعراب کی مدد سے تلفظ:

(i) اِتّحاد (ii) عَرَبی (iii) اِنْتِشَار

(iv) مُمَالِک (v) تَعَلُّق (vi) تَغَیُّر

(vii) تَبَدُّل (viii) نِظَام

سوال نمبر ۶: مترادف الفاظ لکھیے:

الفاظ	مترادف الفاظ
۱۔ مفادات	دلچسپیاں
۲۔ قاعدہ	اصول، قانون
۳۔ خواہشات	احتیاجات، میلانات
۴۔ اتحاد	اتفاق
۵۔ حسن	خوبصورتی

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سوال نمبر ۷: متضاد لکھیے:

الفاظ	متضاد الفاظ	الفاظ	متضاد الفاظ
۱۔ بدقسمتی	خوش قسمتی	۲۔ کامیاب	ناکام
۳۔ زندگی	موت	۴۔ اعلیٰ	ادنیٰ
۵۔ مشرق	مغرب	۶۔ طلوع	غروب

سوال نمبر ۸: معنی لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجیے:

الفاظ	معنی	جملے
۱۔ نظم وضبط	ترتیب اور سلیقہ	نظم وضبط کی پابندی سے ذات اور کردار کی تربیت حاصل ہوتی ہے
۲۔ مرصع	سجا ہوا	یہ ڈیزائن خوبصورت پھولوں سے مرصع ہے۔
۳۔ مجروح	زخمی، شکستہ	گفتگو میں سخت الفاظ کے استعمال سے دوسروں کے جذبات مجروح نہیں کرنے چاہئیں
۴۔ بحث وتکرار	دلائل کے ساتھ گفتگو	اس طرح کی بے تکی بحث وتکرار سے مسئلہ کا حل نکالنا مشکل ہے۔
۵۔ کسرِ شان	شان کے خلاف	لوگ قطار میں کھڑے ہو کر اپنی باری کا انتظار کرنا کسرِ شان سمجھتے ہیں

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com